یو۔ایس۔ڈیپارٹمنٹ آف جسٹس

فیڈرل بیورو آف انویسٹی گیشن

برائے فوری اجراء

پیر، 9مارچ 2015ء

رابطہ: واشنگٹن فیلڈ آفس

202-278-3519

www.fbi.gov/washingtondc

رابرٹ اے لیونسن کی گمشدگی کی آٹھویں برسی

ایسی اطلاع کیلیۓ جواس تک پہنچنے اور بحفاظت واپسی کا ذریعہ بنے،انعام بڑھاکر پانچ ملین ڈالر کر دیاگیا ہے

واشنگٹن - رابرٹ اے لیونسن کی ایران کے کیش جزیرے سے گمشدگی کی آٹھویں برسی کے موقع پر فیڈرل بیورو آف انوسٹی گیشن (ایف۔بی۔آئی) نے ایسی معلومات کیلیۓ جواس تک پہنچنے اور بحفاظت واپسی کا ذریعہ بنے،انعام بڑھاکر پانچ ملین ڈالر کر دیا ہے۔

ایف۔بی۔آئی کے ڈائریکٹر جیمزبی کومی نے کہا، "آج رابرٹ کے ایران میں لاپتہ ہونے کے آٹھ سال پورے ہوئے ہیں اور ہم اس کی نشاندہی اوراس کی اپنے خاندان کے پاس بحفاظت واپسی کے لیے انعام کی رقم بڑھا رہے ہیں۔ ہم ہر کسی سے درخواست کرتے ہیں کہ جو کوئی بھی اس کی معلومات رکھتا ہوتو وہ ایف۔بی۔آئی سے رابطہ کرے۔ رابرٹ کی گھر واپسی میں پہلے ہی ایک طویل عرصہ گزر چکا ہے۔"

8 مارچ 2007 کو رابرٹ اے لیونسن ایران کے جزیرہ کیش کے سفر پر گئے اور اگلے ہی دن وہ لاپتہ ہو گئے اور ان کا اتا پتا ابھی تک نامعلوم ہے۔ لیونسن صاحب اب تاریخ کے سب سے طویل عرصے تک زیر قبضہ رہنے والے امریکی ہیں۔ لیونسن صاحب جو1998 میں ایف۔بی۔آئی سے بطور سپیشل ایجنٹ ریٹائر ہوئے تھے، 10مارچ کو وہ 67 برس کے ہو جائیں گے۔

ایف۔بی۔آئی لیونسن صاحب کے لاپتہ ہونے کے وقت سے ہی ان کی تلاش کے لئے تفتیش کر رہی ہے۔ تین سال قبل، مارچ 2012 کو ان کی گمشدگی کی پانچویں برسی پر ایف۔بی۔آئی نے ایک ملین ڈالر کے انعام کا اعلان کیا تھا۔

لیونسن صاحب کے بارے میں مزید معلومات، تصاویر اور انعام سے متعلق جاننے کے لئے براہ مہربانی www.fbi.gov/levinson پر جائیں۔ جس کسی کو بھی لیونسن صاحب کے بارے میں یا ان کے اغوا کاروں کے بارے میں معلومات ہو تو اس کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ایف۔بی۔آئی سے https://tips.fbi.gov پر رابطہ کرے۔ معلومات کو گمنام طریقے سے پہنچایا جا سکتا ہے اور اسے راز داری میں رکھا جائے گا۔